SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

July 10, 2018

***For immediate release***

## ایس ای سی پی نے حسین لوائی کو پاکستان سٹاک ایکس چینج کے چیئرمین کے عہدے سے ہٹانے کی ہدایت کر دی

اسلام آباد(جولائی 10 )سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے پاکستان سٹاک ایکس چینج کے چیئرمین حسین لوائی کو سٹاک ایکس چینج کے چیئرمین کے عہدے سے فوری طور پر ہٹانے کے لئے پاکستان سٹاک ایکس چینج کو ہدایت جاری کر دی ہے۔

حسین لوائی کو عہدے سے ہٹانے کی ہدایت وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کی جانب سے چھ جولائی کو اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ 2010 اور کرپشن کی روک تھام کے ایکٹ 1947 کے تحت درج کی گئی آیف آئی آر کے نتیجے میں جاری کی گئی ہے۔ایف آئی اے کی ایف آئی آر میں دیگر ملزمان کے ساتھ انہیں بھی ملزم نامزد کیا گیا ہے۔اس ایف آئی آر کے نتیجے انہیں پہلے ہی گرفتار کیا جا چکا ہے۔

عوام اور کیپیٹل مارکیٹ کے بہترین مفاد میں کمیشن نے پاکستان سٹاک ایکس چینج کو ہدایت جاری کی ہے کہ سٹاک ایکس چینج کے بورڈ کے چیئرمین حسین لوائی کو ان کے عہدے سے فوری طور پر ہٹا دیا جائے اور انضباطی قوائد کی پابندی کرتے ہوئے سٹاک ایکس چینج کے بورڈ کے نئے چیئرمین کا تقرر کیا جائے

۔